نوائے وقت

روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی/اسلام آباد (3) 28 جولائی 2022ء

اسلام آباد، چیئرمین نادرا طارق ملک عورت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

غیر رجسٹرڈ خواتین کیلئے 19 مراکز قائم 10 موبائل وینز تعینات ہیں، چیئرمین نادرا

رواں سال مارچ میں بچوں کو اکیلے والد یا والدہ کے ساتھ رجسٹر کرنے کی پالیسی کا آغاز کر دیا

اکیلی ماں کو والد کے شناختی کارڈ کے بغیر اپنے بچوں کو شناختی کارڈ حاصل کرنے کے قابل بنا دیا

اسلام آباد (نمائندہ نوائے وقت) چیئرمین نادرا طارق ملک نے کہا ہے کہ نادرا نے پاکستان میں غیر رجسٹرڈ خواتین کی رجسٹریشن بڑھانے کے لیے "19 خواتین رجسٹریشن" مراکز قائم کیے ہیں اور 10 موبائل رجسٹریشن وینز تعینات کی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین نادرا طارق ملک نے اسلام آباد میں عورت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام "عورتوں کی سیاسی عمل میں شمولیت کے بغیر جمہوریت کا تصور ناممکن" کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ خواتین کی رجسٹریشن کے لیے 258 نادرا رجسٹریشن سینٹرز ہفتے کے روز بھی فعال رہتے ہیں۔ صنفی فرق کو کم کرنے کا ایک اہم ذریعہ نادرا دفاتر میں خاتون افسروں کو انچارج بنانا ہے اور 96 فیصد نادرا دفاتر میں خواتین عملہ ہے۔ اس سال مارچ میں بچوں کو اکیلے والد یا والدہ کے ساتھ رجسٹر کرنے کی پالیسی کا آغاز کیا جس سے اکیلی ماں کو والد کے شناختی کارڈ کے بغیر اپنے بچوں کو آسانی سے شناختی کارڈ حاصل کرنے کے قابل بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پالیسی گزشتہ سال جولائی میں نادرا میں انکلوسیو رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کو قیام کیا گیا تھا۔